بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۳/۲۰۱۸ مورخہ ۷/مئی ۲۰۱۹

بخدمت = جناب چیف سیکرٹری
حکومت بلوچستان

موضوع = **قرارداد نمبر ۴۱ منجانب ثناء اللہ بلوچ رکن اسمبلی۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۳/مئی ۲۰۱۹ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر ۴۱ منجانب ثناء اللہ بلوچ، رکن اسمبلی برائے اطلاع و کارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے نیز قواعد و انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی ۱۹۷۴ء کے قاعدہ نمبر (۲) ۱۱۴ کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو دو ماہ کے اندر مطلع فرمائیں۔

قرارداد۔

ہرگاہ کہ پوری دُنیا میں معذوروں کی فلاح و بہبود کیلئے اہم اقدامات کیئے جاتے ہیں لیکن وسائل سے مالا مال بلوچستان میں معذور افراد Person with Disabilities کے حوالے سے محض رسمی پالیسی کے علاوہ کوئی سنجیدہ اقدامات نہیں کیئے گئے ہیں۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ بلوچستان کے تمام معذور افراد کو ماہانہ وظیفہ دس ہزار روپے، الیکٹرک وھیل چیئر، تعلیم و تربیت اور کاروبار کے خصوصی مواقع فراہم کر کے ان کو معاشرے میں برابری کا مقام دلایا جائے۔

(شمس الدین)
معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) جناب ثناء اللہ بلوچ رکن اسمبلی/محرک قرارداد۔
۲) جناب سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) جناب صوبائی وزیر سماجی بہبود، صوبہ بلوچستان، کوئٹہ۔
۵) جناب پرنسپل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۶) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۷) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) جناب سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) جناب سیکرٹری سماجی بہبود، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) جناب سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت بلتستان۔

〈 قادر بخش شاھوانی 〉
ایڈیشنل سیکرٹری (سوالات)